© rasailojaraid.com



# فورم کے سالانہ سیمینار میں مولانا علی میاں مہمان خصوصی ہوں گے

ورلڈ اسلامک فورم کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۱۸ جون کو ختم نبوت سنٹر لندن میں مولانا زاہد الراشدی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں گزشتہ سال کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ مولانا زاہد الراشدی نے دورۂ سعودی عرب اور مولانا محمد عیسیٰ منصوری نے جنوبی افریقہ، ری یونین، بھارت اور سعودی عرب کے دورے کی رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے بتایا کہ لکھنؤ میں انہوں نے مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی دامت برکاتہم سے ملاقات کر کے انہیں فورم کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا جس پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے مولانا موصوف نے اگست کے دوران برطانیہ تشریف آوری کے موقع پر فورم کے پروگرام کے لیے وقت دینے کا وعدہ فرمایا ہے، چنانچہ اجلاس میں طے پایا کہ ورلڈ اسلامک فورم کا سالانہ سیمینار اگست میں منعقد ہوگا جس میں حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی مہمان خصوصی ہوں گے۔ سیمینار کی تاریخ اور جگہ کا اعلان مولانا موصوف کے ساتھ پروگرام کے تعین کے بعد جلد کر دیا جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اجلاس میں "اسلامک ہوم اسٹڈی کورس" کی رفتار کا بھی جائزہ لیا گیا جو ایک سال سے تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور تین درجن کے لگ بھگ طلبہ اور طالبات کو اردو اور انگلش میں مطالعہ اسلام کا کورس فراہم کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں طے پایا کہ عالم اسلام کو درپیش مسائل بالخصوص انسانی حقوق کے حوالے سے اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں عالمی ذرائع ابلاغ کے منفی پراپیگنڈا کو سامنے رکھتے ہوئے متعلقہ موضوعات پر برطانیہ کے مختلف شہروں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

میں مجالس مذاکرہ کا اہتمام کیا جائے گا' ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اجلاس میں تبلیغی جماعت کے امیر حضرت مولانا انعام الحسن کاندھلویؒ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔

## مولانا شاہ احمد نورانی' مولانا محمد تقی عثمانی اور مولانا حبیب اللہ مختار سے ملاقات

ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا زاہد الراشدی نے لندن جاتے ہوئے ۶ جون کو ایک روز کراچی میں قیام کیا اور ملی یک جہتی کونسل پاکستان کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی' سپریم کورٹ کے شریعت اپیلٹ بنچ کے رکن جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی اور جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کے سربراہ مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار اور مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر سے ملاقات کی۔ اقرا ڈائجسٹ کے ایڈیٹر مولانا محمد جمیل خان' مولانا قاری محمد عثمان اور مولانا عزیز الحق ہزاروی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ مولانا راشدی نے ان راہ نماؤں سے انسانی حقوق کے حوالے سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف عالمی سطح پر ہونے والے منفی پراپیگنڈا سے پیدا شدہ صورت حال پر بات چیت کی اور اس بات پر زور دیا کہ علمی و دینی اداروں کو انسانی حقوق کے بارے میں دینی موقف کی وضاحت کا اہتمام کرنا چاہیے۔

انہوں نے جمعیت علماء اسلام کے راہ نما مولانا حافظ عبد القیوم نعمانی سے ان کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت کی اور جامعہ عثمانیہ معین آباد لانڈھی کے مہتمم مولانا حافظ اقبال اللہ کی دعوت پر جامعہ میں علماء کرام کے ایک اجتماع سے خطاب کیا۔

## مولانا راشدی لندن پہنچ گئے

ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا زاہد الراشدی ۷ جون کو لندن پہنچ گئے ہیں جہاں وہ تین ماہ قیام کریں گے اور فورم کے سالانہ اجلاس کی صدارت کے علاوہ مختلف شہروں میں دینی اجتماعات سے خطاب کریں گے' ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اس سال ان کا قیام اسلامک کلچرل



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سنٹر ویملی میں ہے جس کا ایڈریس درج ذیل ہے:

72 HARROW ROAD

WEMBLEY MIDDX. (U_K)

TEL. 0181 903 3760

## مولانا راشدی کو امریکی ویزے سے انکار

پاکستان میں امریکی سفارت خانے نے مولانا زاہد الراشدی کو امریکہ کا ویزا دینے سے ایک بار پھر انکار کر دیا ہے۔ انہیں جمعیت المسلمین واشنگٹن ڈی - سی نے جولائی کے دوران مختلف دینی اجتماعات سے خطاب کی دعوت دی تھی، لیکن لاہور میں امریکی قونصل خانے نے باضابطہ دعوت نامہ کے باوجود ویزا دینے سے انکار کر دیا۔ مولانا راشدی اس سے قبل باقاعدہ ویزے پر ۱۹۸۷ء، ۸۸ء، ۸۹ء اور ۹۰ء میں چار بار امریکہ جا کر درجنوں اجتماعات سے خطاب کر چکے ہیں، لیکن گزشتہ دو سال سے امریکی سفارت خانہ انہیں ویزا دینے سے مسلسل انکار کر رہا ہے۔ مولانا راشدی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ انہیں پاکستان کے قومی و دینی معاملات میں بڑھتی ہوئی امریکی مداخلت کے خلاف دینی حلقوں کو منظم کرنے کی مسلسل جدوجہد کی پاداش میں انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے جو انسانی حقوق اور آزادی رائے کے حوالہ سے امریکی پالیسی کے دوغلے پن کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس سلسلہ میں انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں سے رجوع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

## برطانیہ میں ختم نبوت کانفرنسوں کے پروگرام

اس سال عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام سالانہ عالمی ختم نبوت کانفرنس ۶/ اگست اتوار کو مرکزی جامع مسجد برمنگھم برطانیہ میں ہوگی جبکہ ۳۰ جولائی اتوار کو سنٹرل مسجد وائٹ چیپل لندن میں اور ۱۳/ اگست اتوار کو مرکزی جامع مسجد گلاسگو میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوگی۔ ختم نبوت سنٹر لندن کے انچارج الحاج عبد الرحمٰن یعقوب باوا نے بتایا کہ ان کانفرنسوں کی صدارت عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے سربراہ حضرت مولانا خواجہ خان محمد مدظلہ کریں گے اور ان میں مختلف ممالک کے سرکردہ علماء کرام اور دانش ور خطاب کریں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

© rasailojaraid.com